# دوا حاصل کرنا

Espen Stranger-Johannessen
Sara Rumen Krotev
Yasir Tayyab
2
اردو ur

ٹام کو دانت کا درد ہے۔ اس کے دانت میں بہت تکلیف ہے۔

اسے اپنے دانتوں کے ڈاکٹر سے ملنا ہے، لیکن پہلے اسے درد کے لیے کسی دوا کی ضرورت ہے۔

وہ گاڑی پر قریب ترین فارمیسی میں جاتا ہے۔

“مجھے دانت میں درد ہے،” وہ کہتا ہے۔ “کیا آپ کے پاس اس کے لیے کوئی دوا ہے؟”

“جی ہاں، یہ درد ختم کرنے والی کچھ ادویات ہیں۔ ان کے لیے آپ کو کسی نسخے کی ضرورت نہیں ہے۔”

“آپ کا شکریہ۔ ان کی قیمت کیا ہے؟”

“ان کی قیمت نو یورو ہے۔ لیکن آپ کو دانتوں کے ڈاکٹر سے ملنا
چاہیے۔”

“ٹھیک ہے، میں کل صبح اپنے دانتوں کے ڈاکٹر سے رابطہ کروں گ۔”

“اگر آپ کو بہتر دوا کی ضرورت ہے، تو آپ کو اپنے دانتوں کے ڈاکٹر سے نسخہ لینے کی ضرورت ہوگی۔”

“آپ کا شکریہ! خدا حافظ۔”

# LIDA Stories

lidastories.net

## دوا حاصل کرنا

Espen Stranger-Johannessen
Sara Rumen Krotev
Yasir Tayyab

CC BY